احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خاں بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

احکامِ شریعت

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز ۴۰۔بی
اردو بازار لاہور

نام کتاب ———— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ———— اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی
ترجمہ عربی ———— محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ———— عالم فقری
تعداد طبع اوّل ———— ایک ہزار
سال طباعت ———— ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ———— جناب حاجی انور اختر صاحب

ناشر ———— شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

قیمت ———— -/۵۷ روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

بیعت ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب

تبدیل بیعت بلا وجہ شرعی ممنوع ہے اور تجدید جائز بلکہ مستحب ہے اور جو سلسلہ عالیہ قادریہ میں نہ ہو اور اپنے شیخ سے بغیر انحراف کے اس سلسلہ عالیہ میں بیعت کرے وہ تبدیل بیعت نہیں بلکہ تجدید ہے کہ جمیع سلاسل اسی سلسلہ اعلیٰ کی طرف راجع ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵ مسئلہ۔ جمعہ کے دن احتیاط الظہر

کیا فرماتے ہیں اعلیٰ حضرت مجدد مائۃ حاضرہ فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خاں صاحب ادام اللہ بالبر والاحسان اس مسئلہ میں کہ جمعہ کی نماز پڑھ کر اس کے بعد پھر نماز ظہر پڑھنی چاہیے یا نہیں۔

الجواب

ہندوستان بفضلہ دار الاسلام ہے یہاں کے شہروں میں جمعہ صحیح ہے اس کے بعد نماز ظہر کی حاجت نہیں وہاں جاہلوں نے جو دیہات میں جمعہ نکال لیا ہے وہاں اگر کوئی جمعہ پڑھے تو اسپر ظہر پڑھنا ضرور لازم ہے کہ دیہات میں جمعہ نہیں ہوتا۔ واللہ

۱۶ مسئلہ۔ داڑھی منڈوانا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر کسی داڑھی منڈے سے ملاقات ہو اور یہ شناخت نہ ہو کہ مسلمان ہے یا ہندو اس کو سلام کرنا چاہیے یا نہیں اور اس سے صاحب سلامت کرنے کا کیا طریقہ ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب

جو شخص پہچان میں نہ آئے کہ مسلمان ہے یا کافر اس سے ابتداء سلام جائز نہیں کہ ابتداء سلام مسلمان کے ساتھ سنت ہے اور کافر کے ساتھ حرام اور فعل جب سنت و حرام میں تردد ہو ناجائز رہے گا کما فی الخلاصۃ والدر المختار وغیرہما واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷ مسئلہ۔ رسول اکرم پر درود

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عبد اللہ بن مطلب بن ہاشم بن عبد مناف